☆☆☆ اسلام آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا منفرد اخبار ☆☆☆
Daily Qavi Akhbar Islamabad
Email:Dailyqaviakhbar@gmail.com / asadch143@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ قومی اخبار اسلام آباد
ایڈیٹر: اسد محمود چوہدری
جلد نمبر: 3 بدھ 10 اپریل، یکم شوال المکرم 2024ء، صفحات 4، قیمت 10 روپے شمارہ نمبر 307

وزیراعظم شہباز شریف کا امیر قطر کو فون تجارتی تعلقات کے فروغ پر بات چیت

شہباز شریف نے شیخ تمیم بن حمد الثانی کو عید کی مبارکباد پیش کی، قریبی برادرانہ تعلقات اور دونوں ممالک کے مشترکہ مفاد کے تمام شعبوں میں قریبی کام کرنے کی خواہش کا اعادہ کیا

وزیراعظم کا ترک صدر رجب طیب اردوان کو ٹیلی فون، عید کی مبارکباد پیش کی، عید کے پرموقع پر پاکستان اور ترک عوام کے لیے امن، خوشحالی اور اتحاد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

ماہ شوال کا چاند نظر آ گیا، ملک بھر میں عید الفطر آج منائی جائیگی

مرکزی رویت کمیٹی کا اجلاس چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیرصدارت اسلام آباد میں ہوا

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں ماہ شوال 1445 ہجری کا چاند دیکھنے کے لیے رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس جاری ہیں جبکہ کراچی، بلوچستان، شیخوپورہ اور... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پاکستان میں غذائی عدم تحفظ میں اضافے کا خدشہ ہے، عالمی بینک

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی بینک کا کہنا ہے کہ ٹرانسپورٹیشن لاگت کے باعث اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

سعودیہ کا اسٹیٹ بینک میں ڈیپازٹس کو بڑھا کر 5 ارب ڈالر کرنیکا فیصلہ

وزیراعظم پاکستان کے دورہ سعودی عرب اور ولی عہد سے ملاقات میں اہم پیش رفت ہوئی ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) سعودی عرب نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں ڈیپازٹس کو 3 ارب ڈالر سے بڑھا کر 5 ارب ڈالر کرنے کا فیصلہ کیا ہے... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کرنسی ایکسچینج کی دونوں مارکیٹوں

انٹربینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر مزید بہتر ہوگئی

کراچی (آئی این پی) کرنسی ایکسچینج کی دونوں مارکیٹوں (انٹربینک اور اوپن مارکیٹ) میں منگل کے روز ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر مزید بہتر ہو گئی... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسٹاک ایکسچینج میں تیزی کا رجحان، انڈیکس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

ملکی تاریخ میں پہلی بار انڈیکس کی 70000 ہزار پوائنٹس کی بلند ترین سطح بھی عبور ہوگئی

کراچی (آئی این پی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور انہیں عید الفطر کی مبارکباد دی... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

مسلم لیگ (ن) کے سردار سیدال خان ڈپٹی چیئرمین منتخب ہوگئے، انکے مقابلے میں کسی نے کاغذات نامزدگی جمع ہی نہیں کرائے، یوسف رضا گیلانی نے چیئرمین سینیٹ کا حلف اٹھانے کے بعد نشست سنبھال لی

سید یوسف رضا گیلانی چیئرمین سینیٹ منتخب

پریزائیڈنگ افسر اسحاق ڈار نے پاکستان پیپلز پارٹی کے یوسف رضا گیلانی اور مسلم لیگ ن کے سردار سیدال خان کی کامیابی کا اعلان کردیا جس کے بعد پاکستان تحریک انصاف سینیٹرز نے چیئرمین سینیٹ ڈائس کا گھیراؤ کرلیا

پی ٹی آئی ارکان نے احتجاج کیا اور چوری کا سینیٹ الیکشن نامنظور کے نعرے لگائے، پاکستان تحریک انصاف نے سینیٹ کے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب کا بائیکاٹ کیا تھا، سینیٹ اجلاس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سید یوسف رضا گیلانی بلامقابلہ چیئرمین سینیٹ اور مسلم لیگ ن کے سردار سیدال خان ڈپٹی چیئرمین منتخب ہوگئے... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

قارئین کرام کو

واشنگٹن میں IMF پروگرام کے خدوخال پر بات چیت ہوگی، وزیر خزانہ

ابھی ہم سعودی عرب کا کامیاب دورہ کر کے آئے ہیں، محمد بن سلمان کے ساتھ بہت مثبت ملاقات ہوئی، مہنگائی بتدریج کم ہوگی

پاکستان کی سرمایہ کاری کی صورت میں بھرپور حمایت کریں گے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ مہنگائی میں کمی سے پالیسی ریٹ میں بھی کمی متوقع ہے

ملک کی پالیسی کے حساب سے چلیں گے، ہم نے جو کرنا ہے سب ملک کے لیے کرنا ہے، 14 تاریخ کو واشنگٹن جا رہا ہوں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، وزیراعظم میاں شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

یہاں پارلیمنٹ کا نظام ہی چلے گا ورنہ نہیں چلے گا، مولانا فضل الرحمٰن

یہی ہمارا آج بھی اختلاف رائے ہے کہ فیصلے عوام کو کرنے ہیں

لاہور (آئی این پی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو سینیٹ میں قائد ایوان مقرر کردیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

قائد ایوان مقرر ہونے کا نوٹیفکیشن بھی وزیراعظم ہاؤس سے جاری کردیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے اسحاق ڈار کو سینیٹ میں قائد ایوان مقرر کردیا... 22 اپریل تک اپوزیشن لیڈر کا نام بھی طلب کر لیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سندھ حکومت کے ترجمان مقرر کردیے گئے

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے تعیناتی کی منظوری دے دی

کراچی (آئی این پی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب اور گھنور علی خان اسران سندھ حکومت کے ترجمان مقرر کر دیے گئے... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ن لیگ غلطیوں کی نشاندہی کر کے اپنی اصلاح کرے، خواجہ سعد رفیق

چیف الیکشن کمیشن سے کوئی شکایت نہیں، لیکن اس حلقے سے ناانصافی کی گئی



لاہور (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ٹیکس چوروں کی نشاندہی مکمل، عید کے بعد موبائل سمیں بلاک کرنے کا فیصلہ

عید کے بعد پہلے مرحلے میں ایف بی آر نے ٹیکس چوروں کی 5 لاکھ سمیں بلاک کرنے کا فیصلہ کیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد ہائیکورٹ، ایکس کی بندش پر پی ٹی اے اور وزارت اطلاعات کو نوٹس جاری

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

چیئرمین سینیٹ نے سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر کیلئے نام طلب کر لیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اہم مقامات نواز شریف و دیگر سیاستدانوں سے منسوب کرنے کا اقدام چیلنج

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

عید الفطر کے موقع پر پنجاب میں طوفانی بارشوں کا امکان، الرٹ جاری

10 تا 15 اپریل مری، گلیات، راولپنڈی، اٹک اور چکوال میں بارش کے امکانات ہیں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

صحافت کی دنیا میں نیا نام ...... قومی نیوز اور روزنامہ قومی اخبار
روزنامہ قومی اخبار راولپنڈی / اسلام آباد کی عوام کی آواز
QAVI NEWS

پاکستان کے میزائل پروگرام میں معاونت پر امریکا کی چینی کمپنیوں پر پابندی

ان کمپنیوں کی سرگرمیوں سے امریکی قومی سلامتی کو لاحق خطرات کی بنا پر انہیں پرلسٹ میں ڈالا گیا، ان کمپنیوں پر امریکی ایکسپورٹ حاصل کرنے پر پابندی ہوگی

43 کمپنیوں کو ایکسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرلیا، 31 چینی کمپنیوں کو فوج اور ہائپرسونک ہتھیاروں کیلئے امریکی اشیا لینے پر لسٹ میں ڈالا گیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

تیل و گیس نکالنے والی بیشتر کمپنیوں نے پاکستان میں آپریشنز بند کردیے

10 کے قریب بین الاقوامی پیٹرولیم کمپنیوں نے پاکستان میں منصوبے بند کیے، جانچ کی وجہ سے تیل و گیس کی پیداوار میں 50 فیصد تک کی ہوجانے کا انکشاف

پاکستان میں تیل و گیس نکالنے کے لیے مناسب سہولیات کی عدم فراہمی اور سیکیورٹی مسائل کی وجہ سے بیشتر غیر ملکی کمپنیاں منصوبے چھوڑ کر چلی گئی ہیں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سلامتی کونسل کی رکنیت، فلسطینی اتھارٹی کی درخواست غور کیلئے کمیٹی کے سپرد

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے 193 رکن ممالک میں سے 140 فلسطین کو علیحدہ ریاست تسلیم کرچکے ہیں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

جیف بیزوس نے ایلون مسک سے دنیا کے امیر ترین شخص کا اعزاز چھین لیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پاکستان میں شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں بھارت ملوث، امریکہ

پاکستان اور بھارت کو کشیدہ معاملات کو بات چیت سے حل کرنا چاہیے، امریکی ترجمان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ریلوے نے ریکارڈ آمدن حاصل کرلی

ہوئے آٹھ ماہ میں 50 ارب روپے کما لیے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کسانوں کیلئے عید کا تحفہ، پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا زرعی پیکیج تیار

پہلی بار پنجاب کے کسانوں کو 2 سال کے اندر 300 ارب روپے کا بلاسود قرض دیا جائے گا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی، پردیسی عید الفطر اپنے آبائی علاقوں کو منانے کیلئے بس اسٹینڈ پر بس کا انتظار کر رہے ہیں

پاکستان معاشی استحکام کے حصول کیلئے IMF کیساتھ کام جاری رکھے، امریکا

پاکستان کی نئی حکومت کو فوری طور پر معاشی صورتحال کو ترجیح دینی چاہیے کیونکہ آئندہ کئی ماہ کی پالیسیاں پاکستانیوں کے لیے معاشی استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے اہم ہوں گی

خط میں پی ٹی آئی نے قومی و صوبائی اسمبلیوں کی کم از کم 30 فیصد نشستوں کے انتخابی آڈٹ کا بھی مطالبہ کیا، جو پارٹی کے بقول صرف دو ہفتوں میں مکمل ہو سکتی ہے، محکمہ خارجہ ترجمان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، خواتین عید الفطر کیلئے راولپنڈی کے مشہور راجہ بازار میں خریداری میں مصروف ہیں

غیر رجسٹرڈ گاڑیاں سڑکوں پر آنے سے روکنے کے اقدامات کیے جائینگے، شرجیل میمن

غیر رجسٹرڈ گاڑیاں سڑکوں پر نکلنے سے روکنے کے لیے قانون میں ترمیم کی جائے گی، صوبائی وزیر سندھ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ریلوے نے عید کے بعد سے ٹرینوں کے اوقات تبدیل کردیے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

رفح پر بھرپور فوجی حملہ ضرور کریں گے، تاریخ طے کرلی، اسرائیلی وزیراعظم

رفح پر حملے کا مقصد غزہ کے جنوب میں حماس کے آخری گڑھ کو بھی ختم کرنا ہے، نیتن یاہو

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

حجاج کرام کے لیے پہلی بار سیفائزنگ تسبیح متعارف کردی گئی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سیلاب متاثرین اب تک کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ نے بحالی منصوبوں میں تاخیر پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اقوام متحدہ، فرانس اور اسپین کی اسرائیلی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت

ناقابل عمل ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کا بیان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

امریکی وزیر خارجہ کا جنوبی کوریا کا دورہ، شمالی کوریا نے بیلسٹک میزائل فائر کردیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی زیرصدارت محکمہ صحت کا اجلاس

ہنگامی صورتحال میں لوگوں کو بڑے اسپتالوں تک پہنچانے کے لیے ایئر ایمبولینس سروس شروع کرنے کا اصولی فیصلہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

بلوچستان میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آ گیا، جس کا شکار 4 سالہ بچہ مفلوج ہوگیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

غزہ میں نسل کشی، کولمبیا نے اسرائیل سے ہتھیاروں کی خریداری روک دی

100 سے زائد فلسطینیوں پر اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے گولیاں چلوائیں جو نسل کشی ہے، صدر کولمبیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کیلئے 5 سالہ شراکت داری کا منصوبہ تیار

پاکستان ان ممالک میں سرفہرست ہے جہاں پراجیکٹ فنانسنگ سب سے زیادہ ہوگی، موسمیاتی تبدیلی کی حکمت عملی اور ایکشن پلان تیار کیا جا رہا ہے

آئندہ 5 برسوں میں موسمیاتی پورٹ فولیو (موسمیاتی تبدیلی کے اثرات میں کمی کے اقدامات میں اضافے کی بنیاد رکھے گی، یوگینی ژوکوف

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پشاور، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

درآمدات میں کمی کے باعث 800 ارب کے ریونیو شارٹ فال کا خطرہ

ایف بی آر میں ریونیو اسٹریٹیجی کے حوالے سے اہم اجلاس، فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ممکنہ شارٹ فال کے تناظر میں ریونیو اسٹریٹیجی تیار کرنا شروع کردی

رواں مالی سال 24-2023 کیلئے 9415 ارب روپے کی ٹیکس وصولیوں کا ہدف مقرر کرتے وقت درآمدات میں نمو کا تخمینہ 32 فیصد لگایا گیا تھا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

Editorial ادارتی صفحہ



قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ

اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوش حال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی پوری توجہ لوگوں بالخصوص غریب طبقے کی فلاح و بہبود پر مرکوز کرنی پڑے گی۔

مہنگائی کی شرح 50 سال کی بلند ترین سطح پر، حکومتی دعوے ٹھس

عالمی بینک کے مطابق پاکستان میں بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے مہنگائی کی شرح 50 سال کی بلند ترین سطح پر جا پہنچی، ورلڈ بینک نے بجلی اور گیس کی قیمتوں میں تاریخی اضافے کو پاکستان میں مہنگائی کی بنیادی وجہ قرار دے دیا۔ عالمی بینک کا کہنا ہے کہ پاکستان میں رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں مہنگائی 1974 کے بعد سب سے زیادہ رہی، عالمی بینک نے پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کی بڑی وجہ بجلی و گیس کی قیمتوں میں اضافہ قرار دیا ہے۔ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے نے پیداواری لاگت میں اضافہ کر دیا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں شہری علاقوں میں توانائی کی مہنگائی 50 فیصد سے بڑھ گئی اور توانائی کی افراط زر 50.6 فیصد رہی جو گذشتہ سال اسی عرصے میں 40.6 فیصد تھی۔ رواں مالی سال کے پہلے ششماہی میں اوسط مہنگائی 28.8 فیصد رہی جو گذشتہ سال اسی عرصے میں 25 فیصد تھی، روپے کی قدر میں استحکام، مقامی سطح پر فصلوں کی پیداوار میں اضافے اور عالمی مارکیٹ میں قیمتوں پر دباؤ میں کمی کے باوجود پاکستان میں مہنگائی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق رواں مالی سال 24-2023 کے دوران پاکستان میں مہنگائی کی اوسط شرح 26 فیصد رہنے کا امکان ہے جو گذشتہ مالی ... اور مالی سال 26-2025 میں مہنگائی کی شرح مزید کم ہو کر 11.5 فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ملکی تاریخ میں پہلی بار انڈیکس کی 69 ہزار پوائنٹس کی نئی بلند ترین سطح بھی عبور ہوگئی اور کے ایس ای 100 انڈیکس 586 پوائنٹس کے اضافے سے 69003 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔ معیشت کی شرح نمو بڑھنے اور ترقی کے آثار نظر آنے سے متعلق عالمی بینک اور بلوم برگ کی رپورٹ، آئندہ مالی سال میں شرح نمو میں دوگنا اضافے کے ساتھ بتدریج بڑھوتری کی پیشگوئی اور مہنگائی کی شرح میں 11 فیصد کی کمی کے امکانات جیسے عوامل کے باعث پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے پہلے روز تیزی کا تسلسل برقرار ہے۔ تیزی کے سبب 50 سے زائد فیصد حصص کی قیمتیں بڑھ گئیں جن کی مالیت میں مزید اربوں روپے کا اضافہ ہو گیا۔ آئی ایم ایف پروگرام میں شمولیت اور اصلاحاتی اقدامات کے نتیجے میں مقامی و غیر ملکیوں کی پر اعتماد انداز میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں جو کیپیٹل مارکیٹ میں نت نئے ریکارڈز بنانے میں مددگار ثابت ہو رہا ہے یہی وجہ ہے کہ کاروبار میں مارکیٹ مثبت زون میں ہے۔ نجکاری پلان، آئی ایم ایف سے مثبت مذاکرات پر انویسٹرز پر اعتماد ہیں۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں مزید اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق نیپرا نے فروری کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 4 روپے 92 پیسے اضافے کی منظوری دیتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

اسرائیل سے اختلافات بھی اور حمایت بھی مسلم ممالک کنفیوژ

تحریر: ڈاکٹر ساجد خاکوانی

پاکستانی عوام پر نئے قرضے کی تیاریاں شروع

تحریر: ضیاء الرحمٰن ضیاء

دہشتگرد دامن تباہ کرنے پر پھر سے تل پڑے

تحریر: ضیاء الرحمٰن ضیاء

SHOWBIZ شوبز

SPORTS سپورٹس

چھکے مار سکتا ہوں، مجھے پی ایس ایل میں واپس آنا چاہیے، ڈیرن سیمی

ماضی میں پی ایس ایل میں پشاور زلمی کی نمائندگی کرنے والے سیمی نے ٹوئٹر پر ایک ویب سائٹ کی خبر شیئر کردی

پاکستان اور آسٹریلیا کی ٹیمز ہمیشہ سے ہی بہترین کھیلتی ہیں، عثمان خواجہ

راولپنڈی کی پچ فاسٹ بولرز کے لئے سازگار ہوتی ہے، اس بار مختلف پچ کی امید ہے، آسٹریلوی بیٹر



خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنانا ہوگا، جنت مرزا

آج بھی خواتین کو جائیدادوں میں حصہ نہیں دیا جاتا اور ان کا استحصال کیا جاتا ہے، ٹک ٹاکر

فنکار تفریح دیتے ہیں، والدین اپنے بچوں کی خود تربیت کریں، اشنا شاہ

تفریح فراہم کرنیوالے (فنکار) محض عوام کو تفریح دینے کیلئے ہوتے ہیں، اداکارہ

بھارت اور سری لنکا کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 4 مارچ سے شروع ہوگا

ہماری پچز اور کوچنگ ٹھیک نہیں، ہمیں اپنے پیروں پر کھڑا ہونا ہوگا، رمیز راجہ

محتاط اوپنرز نے ٹی 20 کرکٹ کا حسن تباہ کردیا، کرس گیل

تیسرا اسٹیٹ لنٹ پروموشن فٹ بال ٹورنامنٹ 7 مارچ سے شروع ہوگا

شوقیہ طور پر گنگناتی ہوں، میری اصل فیلڈ اداکاری ہے، لاشانہ

والدین نے کیریئر سمیت ہر معاملے میں خودمختاری دی، ماورا حسین

کسی کا ظاہر دیکھ کر اس کے ایمان پر سوال نہیں اٹھایا جاسکتا، آئمہ بیگ

پے در پے کامیابیوں نے مجھے کبھی بھی تکبر اور غرور میں مبتلا نہیں کیا، ماہ نور

شاہین کو داد دیے بنا نہ رہ سکے

ٹینس ٹورنامنٹ کا ٹائٹل جیت لیا

میں کبھی شک کا گزر نہیں ہوا، سلمیٰ مراد

یہیں رہوں گا، سلمان خان

قومی ٹیم کی کپتانی کیلئے شاہین کا نام لینا قبل از وقت ہے، انضمام الحق

ابھی شاہین آفریدی کیلئے قومی ٹیم کی کپتانی کا سوچنا بہت آگے کی بات ہے، اتنی جلدی نہیں کرنی چاہیے، انٹرویو

یہ تاثر نہیں ہونا چاہیے کہ فاسٹ بولر کپتانی نہیں کر سکتے، شاہین شاہ آفریدی

اعزاز کی بات ہے کہ جس ٹیم سے پی ایس ایل شروع کیا اس کی کپتانی کر رہا ہوں، گفتگو



شادی کیلئے لڑکے کا لمبا ہونا چاہیے بے شک وہ غریب ہی کیوں ہو، آمنہ الیاس

چھوٹے قد کی لڑکیوں کو دیکھ کر ہنستی ہیں یا کہتی ہیں کوئی بات نہیں ایک دن تم بھی لمبی ہو جاؤ گی

پاکستانی خواتین کو اپنے حقوق کیلئے اپنی آواز بلند کرنا ہوگی، حریم فاروق

ہمارے معاشرے میں آج بھی خواتین کے ساتھ تشدد کیا جاتا ہے، معروف اداکارہ

Page 3 بقیہ جات

بقیہ 1 وزیراعظم ٹیلیفون دونوں ممالک کے مشترکہ مفاد کے تمام شعبوں میں قریبی کام کرنے کی خواہش کا اعادہ کیا۔ شہباز شریف نے پاکستان اور قطر کے مابین اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر بھی بات چیت کی۔

بقیہ 7 یوسف رضا گیلانی منتخب

بقیہ 8 وزیر خزانہ

بقیہ 9 مولانا فضل الرحمٰن

بقیہ 13 الرٹ جاری

بقیہ 14 چیلنج

بقیہ 15 آپریشنز بند

بقیہ 21 میر سرفراز

بقیہ 22 روک دی

بقیہ 23 آغاز

بقیہ 30 امریکہ پابندی

بقیہ 31 اعزاز چھین لیا

بقیہ 32 سپرد

بقیہ 33 شرجیل میمن

بقیہ 39 کریک ڈاؤن

بقیہ 40 کارروائیاں

بقیہ 44 جاری

بقیہ 45 جارہے ہیں

بقیہ 49 جرمانے

بقیہ 50 پیش پیش

بقیہ 52 فراہمی

بقیہ 53 سرچ آپریشن

سیف سٹی اسلام آباد ریڈیو ایف ایم 92.4 شہریوں کی خدمت میں پیش پیش

شہریوں کو روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لئے آگاہی ٹیم مختلف اوقات میں مختلف چوکوں اور شاہراہوں پر عوام کو آگاہی فراہم کر رہی ہے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

سینی ٹیشن ونگ کی جانب سے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

تاکہ اسلام آباد کے شہریوں کو کسی بھی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، سی ڈی اے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس عارضی طور متاثر ہونے کے بعد بحال

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ANF کی ملک بھر میں کارروائیاں منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

اشیا کی مالیت ڈیڑھ ارب سے زائد ہے، مذکورہ کنٹینر نان کسٹم سامان سمیت مزید قانونی کارروائی کیلئے کسٹمز حکام کے حوالے کردیا گیا ہے

تمام مقدمات انسداد منشیات ایکٹ کے تحت متعلقہ تھانوں میں درج کر کے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے، اینٹی نارکوٹکس فورس پاکستان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کا سلسلہ جاری

تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کی حدود میں 1332 گھروں کے 508 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کرلیا گیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

وزیراعظم رمضان ریلیف پیکج 2024 نے سابقہ تمام ریکارڈز توڑ دیے

تاریخ میں پہلی مرتبہ رمضان المبارک کے دوران سب سے زیادہ 44 ارب روپے کا ریلیف دیا گیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، جماعت پنجم اور ہشتم کے نتائج کا اعلان ایک بار پھر موخر کردیے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پریشر ہارن اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن

وفاقی دارالحکومت کو ماحولیاتی اور شوری کی آلودگی سے پاک کرنا اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ٹریفک پولیس

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد پولیس کی کارروائی، 30 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا

قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

شہزاد ٹاؤن پولیس نے موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کرلئے

لاکھوں روپے مالیت کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

طلحہ فاؤنڈیشن کی جانب سے 150 میڈیا ورکرز کیلئے راشن کی فراہمی

طلحہ فاؤنڈیشن کی جانب سے رمضان اور عید کے موقع پر راشن کی فراہمی پر سینیٹر طلحہ محمود کے مشکور ہیں، چوہدری قربان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے سائبر کرائم یونٹ کی موثر کارروائیاں جاری

پولیس پیکا ایکٹ میں ترمیم کے بعد سیکشن 30 کے تحت سائبر کرائم کے مقدمات کا اندراج کر رہی ہے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سی ٹی ڈی کا بھارہ کہو کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشن

37 گھروں، 11 گاڑیوں، 23 موٹر سائیکلوں اور 75 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ضلع راولپنڈی میں 300 سے زائد گرانفروش گرفتار کیے جا چکے ہیں

گرانفروشوں پر مجموعی طور پر 47 لاکھ اور 92 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جا چکا ہے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت، راولپنڈی میں صفائی کا کام تیزی سے جاری

آپریشن میں 15 دنوں میں تقریباً 12000 ٹن سے زائد کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگا دیا ہے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد میں صفائی کے اقدامات قابل ستائش ہیں، ڈاکٹر سعید اللہ خان

معشوق علی شیخ ایک انتہائی محنتی ملنسار اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں وزٹ کرتے پائے جاتے ہیں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد، عید الفطر کی تیاریوں میں مصروف خواتین ایک شاپنگ مال سے خریداری کر رہی ہیں

پبلشر معین الدین نے روحانی پریس محمدی ٹاؤن سوہان ایکسپریس وے اسلام آباد سے چھپوا کر ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد سے شائع کیا
چیف ایڈیٹر: معین الدین چوہدری
ایڈیٹر: اسد محمود چوہدری
ہیڈ آفس
ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد
رابطہ نمبر
051-2241980 / 2617439
0333-5750379

عید الفطر مسلمانوں کیلئے رمضان المبارک کے بعد ایک خاص تحفہ



عیدُ الفطر

مسلمانوں کی اخوت و اجتماعیت اتحاد و یگانگت کا عظیم مظہر

صحابی رسول حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ سرکار دو جہاں ﷺ نے ''عید الفطر'' کی عظمت و اہمیت کے حوالے سے ارشاد فرمایا: ''جب عید الفطر ہوتی ہے تو اس کا نام آسمانوں پر ''لیلۃ الجائزہ'' (انعام کی رات) رکھا جاتا ہے، اور جب عید الفطر کی صبح ہوتی ہے تو حق تعالیٰ جل شانہ فرشتوں کو تمام شہروں میں بھیجتے ہیں، وہ زمین پر اُتر کر تمام گلیوں اور راستوں کے سروں پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور ایسی آواز سے جسے جنات اور انسانوں کے سوا ہر مخلوق سنتی ہے، پکارتے ہیں کہ اے محمد ﷺ کی اُمت، اس بزرگ و برتر پروردگار کی بارگاہ کی طرف چلو جو بہت زیادہ عطا فرمانے والا ہے اور بڑے سے بڑے قصور کو معاف فرمانے والا ہے، چنانچہ جب لوگ عید گاہ کی طرف نکلتے ہیں تو حق تعالیٰ شانہ فرشتوں سے دریافت فرماتے ہیں، کیا بدلہ ہے اس مزدور کا، جو اپنا کام پورا کر چکا ہو، فرشتے عرض کرتے ہیں، ہمارے معبود اور ہمارے مالک، اس کا بدلہ یہی ہے کہ اس کی مزدوری پوری پوری دے دی جائے، تو حق تعالیٰ جل شانہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اے فرشتو، میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے انہیں رمضان کے روزوں اور تراویح کے بدلے اپنی رضا اور مغفرت عطا کر دی۔ اور بندوں سے خطاب فرما کر ارشاد ہوتا ہے کہ میرے بندو، مجھ سے مانگو، میری عزت کی قسم، میرے جلال کی قسم، آج کے دن اپنے اس اجتماع میں مجھ سے اپنی آخرت کے بارے میں جو سوال کرو گے، عطا کروں گا اور دنیا کے بارے میں جو سوال کرو گے، اس میں تمہاری مصلحت پر نظر کروں گا، میری عزت کی قسم کہ جب تک تم میرا خیال رکھو گے، میں تمہاری لغزشوں پر ستاری کرتا رہوں گا اور انہیں چھپاتا رہوں گا، میری عزت کی قسم اور میرے جلال کی قسم، میں تمہیں مجرموں اور کافروں کے سامنے رسوا نہ کروں گا، بس اب بخشے بخشائے اپنے گھروں کو لوٹ جاؤ، تم نے مجھے راضی کر دیا اور میں تم سے راضی ہو گیا۔ پس فرشتے اس اجر و ثواب کو دیکھ کر جو اس اُمت کو عید الفطر کے دن ملتا ہے، خوشیاں مناتے اور کھل جاتے ہیں۔'' (الترغیب، والترہیب)

عید الفطر اُمت مسلمہ کے لیے جشن کا ایک مخصوص دن ہے۔

> عید کے روح پرور اجتماعات سے اُمتِ مسلمہ کی اجتماعی شان و شوکت اور اتحاد و یگانگت کا اظہار ہوتا ہے
>
> ''آج کے دن بندگانِ خدا رب کے حضور سربسجود ہو کر اپنے آقا و مالک کی رضا و خوشنودی کے طلب گار ہوتے ہیں''

عید اور حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ

ایک دفعہ عید الفطر سے چند دن پہلے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی اہلیہ نے کہا کہ عید کے دن سب لوگ عمدہ عمدہ لباس پہنیں گے لیکن ہمارے بچوں کے پاس معمولی کپڑے ہیں، مجھے نہایت شرم آتی ہے کہ امیر المومنین کی اولاد عید کے دن بھی اس قسم کے کپڑے پہنے۔ اس موقع پر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے مہتمم بیت المال کو ایک رقعہ لکھا کہ میرا ایک ماہ کا وظیفہ پیشگی بھیج دیجیے۔ اس نے رقعہ کی پشت پر یہ الفاظ لکھ کر واپس بھیج دیا: ''امیر المومنین کیا آپ کو یقین ہے کہ آپ ایک مہینے تک زندہ رہیں گے۔'' یہ الفاظ پڑھ کر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ اشکبار ہوگئے اور اہلیہ سے کہا: ہمارے بچوں کو بہشت میں عمدہ پوشاک ملے گی، اس لیے یہاں عمدہ لباس کی ضرورت نہیں۔

عیدُ الفطر

اہلِ ایمان کا جشنِ مسرّت

عید الفطر کے مسنون اعمال

عید کے دن مندرجہ ذیل اعمال مسنون ہیں:

(1) شریعت کے مطابق اپنی آرائش کرنا۔ (2) غسل کرنا۔ (3) مسواک کرنا۔ (4) عمدہ سے عمدہ کپڑے جو پاس ہوں پہننا۔ (5) خوشبو لگانا۔ (6) صبح بہت سویرے اٹھنا۔ (7) عیدگاہ بہت جلدی جانا۔ (8) عیدگاہ جانے سے پہلے کوئی میٹھی چیز کھجور وغیرہ کھانا۔ (9) عیدگاہ جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنا۔ (10) عید کی نماز عیدگاہ میں جاکر پڑھنا۔ (11) ایک راستے سے عیدگاہ جانا اور دوسرے راستے سے واپس آنا۔ (12) عیدگاہ پیدل جانا۔ (13) عیدگاہ جاتے ہوئے راستے میں ''اللہ اکبر، اللہ اکبر، لا الٰہ الا اللہ و اللہ اکبر، اللہ اکبر و للہ الحمد'' آہستہ سے پڑھتے ہوئے جانا۔

صدقۂ فطر کے مسائل

شوال المکرم کے روزوں کی شرعی حیثیت و فضیلت

عید الفطر کی نماز کا طریقہ